سوال

(145) میت کو لحد میں رکھ کر بجائے کچی اینٹوں کے لحد الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کو لحد میں رکھ کر بجائے کچی اینٹوں کے لحد کو مٹی کے پکے ہوئے برتنوں سے بند کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

چونکہ انسان کچی مٹی سے پیدا ہوا ہے اس لیے لحد میں اور قبر پر پختہ اینٹیں نہ لگائی جائیں ۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے ۔

{ مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَى }

''یعنی ہم نے مٹی سے تمھیں پیدا کیا اور اسی میں تمھیں لوٹائیں گے ، اور اسی سے تمھیں نکالیں گے ۔''

اسی لیے دفن کے وقت یہ آیت پڑھی جاتی ہے ۔ پس لحد کو پکے برتنوں سے بند کرنا نا جائز ہے ۔

(عبداللہ امرتسری مقیم روپڑ) (فتاویٰ اہل حدیث جلد نمبر ۲ ص ۴۶۷)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 255

محدث فتویٰ